# RentSafeTO:
## Apartment Building Standards Program

# رنگ کوڈ والی نشانیاں










15 جون، 2026 سے، سٹی آف ٹورنٹو نے عمارتوں کی دیکھ بھال کے معیارات کی عکاسی کرنے کے لیے اپارٹمنٹ عمارتوں کے لیے رنگ کوڈ والی نشانیاں متعارف کرائی ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ نشانیاں عمارت کے داخلی دروازے سے واضح طور پر نظر آنے والی جگہ پر لگائی جائیں اور عمارت کے اسکور کی عکاسی کریں۔

# RentSafeTO:
Apartment Building Standards Program

# رنگوں کا کیا مطلب ہے؟

**سبز – اطمینان بخش**
عمارت سٹی کی دیکھ بھال کے زیادہ تر یا تمام معیارات پر پورا اترتی ہے اور اس میں بہت کم یا بالکل کوئی بھی خلاف ورزیاں نہیں ہوتیں۔

**پیلا – بہتری کی ضرورت ہے**
عمارت سٹی کی دیکھ بھال کے بعض معیارات پر پورا اترتی ہے اور ہو سکتا ہے کہ اس میں کچھ خلاف ورزیاں ہوں۔

**سرخ – نمایاں بہتری کی ضرورت ہے**
عمارت سٹی کی دیکھ بھال کے چند معیارات پر پورا اترتی ہے اور ہو سکتا ہے کہ اس میں کئی خلاف ورزیاں ں۔

**اہم نوٹ:** سرخ نشان کا مطلب یہ نہیں ہے کہ عمارت غیر محفوظ یا ناقابلِ رہائش ہے، یا بند ہے۔ مالکان کو سٹی کے پراپرٹی مینٹیننس کے معیارات کی تعمیل میں لانے کے لیے سٹی نفاذی کارروائی کرے گا۔

مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں

**toronto.ca/RentSafeTOSigns**

TORONTO

311